| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’و‘ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ’حرف ’و‘ کی پہچان کرسکیں‘۔صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے( کوئی سے دو) الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کوحرف تہجی اردو کے نظم سنائی جائے گی بچوں سے ’ا تا ن‘ حروف کا تلفظ،صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کوحرف ’و‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ حرف ’و‘ ہے یہ حروف تہجی کا چونتیسواں حرف ہے۔اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’و‘ درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف ’و‘ کے ذخیرہ الفاظ (وکٹ، ورزش، ورق، ویگن، وہیل، وضو اور وکیل )فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے بچوں کو ورزش کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا کہ آدمی تصویر میں کیا کر رہا ہے بچوں کو بتایا جائے گا کہ ورزش کرنے سے ہم تندرست اور چاق وچوبند رہتے ہیں بچوں کو بتایا جائے گا کہ ورزش کی ابتدائی آواز ’و‘ کی ہے۔حرف ’و‘ سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھائی جائیں گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو وہیل کی ورک شیٹ دے کر اس میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا بچوں سے وہیل کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی بچوں سے ہوا میں حرف ’و‘ بنانے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ’و‘ کی صوتی آواز پوچھی جائے گی ’و‘ کون سے حرف کے بعد آتا ہے پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ<br><br><br><br><br><br><br><br><br>20 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br><br><br><br><br>پی پی ٹی<br><br><br>ورک شیٹ، رنگ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’و‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’و‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ؤ' | دن: | دوسرا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف 'ؤ' کی پہچان کر سکیں'۔ صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار) بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی اردو کے نظم سنائی جائے گی بچوں کو 'ؤ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ؤ' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ؤ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ؤ' کی نظم سنائی جائے گی۔<br>ورزش کرو تم روزانہ ہو جاؤ تن درست اور توانا<br>پانی وافر تم پیو خود کو تھوڑا وقت دو<br>ورزش کرو تم روزانہ ہو جاؤ تن درست اور توانا<br>بچوں کو حرف 'ؤ' سے شروع ہونے والی اشیاء کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ہلکی پھلکی ورزش کروا کے کام کا آغاز کیا جائے گا بچوں سے ہوپ سکوچ گیم کھیلائی جائے گی جس میں بچے 'ن' اور 'ؤ' میں سے حرف 'ؤ' کی نشاندہی کریں گے۔ بچوں سے کتاب کا صفحہ 78 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف 'ؤ' پر انگلی پھیریے اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے حرف 'ؤ' کی آواز بار بار دہرائی جائے گی۔ | 20 منٹ | ہوپ سکوچ گیم<br>کتاب صفحہ نمبر 78 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ورک اور روکٹ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>حرف 'ؤ' میں انگلی کی مدد سے رنگ بھریئے۔ | | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'و' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'و' کی پہچان کرسکیں'۔ اور اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ ( کوئی سے چار ) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'و' کا تلفظ، اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف اور اشیاء فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'و' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'و' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'و' کی کہانی سنیں گے۔<br>وکی اور ولی بہت اچھے دوست ہیں دونوں ہر روز صبح کی سیر کو جاتے ہیں ولی وقت کا بہت پابند ہے۔ وہ وکی سے اکثر دیر سے آنے پر ناراض ہوتا تھا۔ وہ دونوں مل کر والی بال کھیلتے ہیں۔ وکی اور ولی گھر پہنچنے کے بعد وافر مقدار میں پانی پیتے ہیں اور اپنی صحت کا خوب خیال رکھتے ہیں۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو وین کی ورک شیٹ فراہم کی جائے گی بچوں کو کاغذ کے چھوٹے ٹکڑوں کو وین پر چسپاں کرنے کو کہا جائے گا۔ وین کے پہیے بنانے میں بچوں کی مدد کی جائے گی بچوں سے وین کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی پلے ڈو کی مدد سے 'و' کی شکل بنانے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ کاغذ کے ٹکڑے پلے ڈو | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے وہیل اور وکیل کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ؤ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ؤ' کی پہچان کرسکیں'۔ اور اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ ( کوئی سے سات) اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ؤ' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ حرف 'ؤ' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا اور اس میں استعمال ہونے والے 'ؤ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف اور اشیاء فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ؤ' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ؤ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ؤ' سے مزید الفاظ جانیں گے بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے وہیل، وضو، وکیل کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔<br>بچوں سے ان الفاظ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>کمرہ جماعت میں حرف 'ؤ' سے شروع ہونے والی اشیاء کو چھپا دیں۔ تختہ سیاہ/ سفید بورڈ پر حرف 'ؤ' چسپاں کریں۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'ؤ' کے ساتھی کمرے میں چھپے ہیں۔ انہیں تلاش کر کے بورڈ پر 'ؤ' کے ساتھ چسپاں کریں۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 79 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں کو دی گئی تصاویر کے نام بنانے کو کہا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ نقشہ کی ابتدائی آواز 'ؤ' ہوتی ہے ؟ بچوں کو 'ؤ' کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور 'ؤ' پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | تصاویر فلیش کارڈ کتاب صفحہ نمبر 79 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے وضو اور ویگن کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ؤ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف 'ؤ' کی پہچان کر سکیں'۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ ( کوئی سے سات ) اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | دہرائی:<br>بچوں کو 'ؤ' کے تمام فلیش کارڈ دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 3منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ؤ' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ؤ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | تعارف:<br>حرف 'ؤ' کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا کہ یہ کون سا حرف ہے؟ بچوں کو Sand Letters دے کر حرف 'ؤ' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | Sand Letters | |
| | مرکزی سرگرمی:<br>بچوں سے کاپی پر حرف 'ؤ' پر پینسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔ | 30منٹ | کاپی ورک | |
| | اختتامیہ:<br>بچوں سے 'ؤ' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>گھر کا کام:<br>کاپی میں حرف 'ؤ' پر پینسل پھیریے۔ | 2منٹ | | |